مولانا سلطان محمود ناظم دفتر اہتمام

احوال وکوائف دارالعلوم حقانیہ

حضرت مہتمم صاحب کا سفر ملتان | ۲۶ر ربیع الثانی کو حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ نائب صدر وفاق المدارس نے وفاق المدارس اور سنی کنونشن اور جمعیۃ العلماء اسلام کی میٹنگوں میں شمولیت کیلئے ملتان تشریف لے گئے۔ ۲۷ر ربیع الثانی کو آپ نے وفاق المدارس عربیہ مغربی پاکستان کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں شرکت کی۔ وفاق کی میٹنگ میں وفاق کی تنظیم وترقی کے بارے میں غور وخوض ہوا۔ دورۂ حدیث کے امتحانات میں شمولیت کرنے والے طلباء کے لئے وسطانی امتحانات دینے کی پابندی حالاً ملتوی کردی گئی۔ نیز جن کامیاب طلباء کی سند بوجہ وسطانی امتحانات نہ دینے کے روک دی گئی تھی انہیں وفاق کی سند دینے کی اجازت دی گئی۔ نیز طے ہوا کہ جو مدارس وفاق سے ملحق نہیں ہیں۔ مدارس اور طلبۂ مدارس کے وسیع تر مصالح کی خاطر انہیں وفاق سے ملانے کی سعی کی جائے۔ سالانہ امتحانات حسب معمول وفاق کی نگرانی میں لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ ۲۸ر ربیع الثانی کو آپ نے تنظیم اہل سنت کے زیر اہتمام مغربی پاکستان سنی کنونشن میں شرکت کی۔ اس کنونشن میں ملک کی عظیم اکثریت سنیوں کے حقوق کی حفاظت کیلئے کئی امور زیر غور آئے اور متفقہ طور پہ کئی قراردادیں پاس ہوئیں۔ جن میں نصاب تعلیم میں خلافت راشدہ کا حصہ خارج کرنے پر احتجاج اور شیعہ جلسے جلوسوں پہ پابندی کی قراردادیں شامل ہیں۔ ۲۹ر ربیع الثانی بروز پیر آپ نے جمعیۃ العلماء اسلام مغربی پاکستان کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں شمولیت کی۔ جس میں جمعیۃ کی تنظیم وترقی کے بارے میں غور وخوض کیا گیا۔ میٹنگ میں جمعیۃ کا انتخاب بھی عمل میں آیا۔ مولانا عبداللہ درخواستی مدظلہ صدر، مولانا مفتی محمود اور مولانا عبیداللہ انور نائب صدر۔ اور مولانا غلام غوث ہزاروی ناظم اعلیٰ منتخب کئے گئے۔

ششماہی امتحانات | ۵ر جمادی الاولیٰ بروز ہفتہ دارالعلوم کے ششماہی امتحانات شروع ہوئے۔ امتحانات حسب معمول تحریری وتقریری لئے گئے۔ اور ۹ر جمادی الاول تک جاری رہے۔

ناظرہ کورس | محکمۂ تعلیم پشاور ریجن کیطرف سے مڈل اور پرائمری سکولوں کے اساتذہ